nystateofhealth
The Official Health Plan Marketplace

مختصر حقائق

DACA کے وصول کنندگان کے لئے

ڈیفرڈ ایکشن فار چائلڈہڈ ارائیولز (DACA) کے حامل افراد ایسینشل پلان کے لیے اہل ہیں۔

1 Deferred Action for Childhood Arrivals (DACA) کیا ہے؟

DACA ایک وفاقی اصول ہے۔ یہ مخصوص غیر دستاویز یافتہ تارکین وطن کو ملک بدری سے محفوظ رکھتا ہے۔ یہ تارکین وطن بچپن میں U.S. آئے تھے۔ DACA کے وصول کنندگان ملازمت کر سکتے ہیں اور اسکول جا سکتے ہیں۔ DACA کی حیثیت مستقل نہیں ہے۔ ہر دو سال بعد اس کی تجدید کروانا ضروری ہے۔

2 Essential Plan کیا ہے؟

Essential Plan ایک سستا ہیلتھ پلان ہے۔ یہ اہل نیو یارکرز کے لئے ہے۔ یہ ڈاکٹر سے ملاقاتوں، ہسپتال کی نگہداشت، معائنوں، نسخے کی ادویات، دانتوں اور نظر کے وظائف اور مزید کا احاطہ کرتا ہے۔

3 کون اہل ہے؟

- New York State کے رہائشی
- شہری، قانونی طور پر موجود درخواست گزار اور DACA کے وصول کنندگان
- 19-64 سالہ افراد
- ایمپلائر اور دیگر کوریج کی اہلیت نہ رکھنے والے افراد
- کم آمدن رکھنے والے وہ لوگ جو Medicaid یا Child Health Plus کے اہل نہیں ہیں

گھرانے کا سائز	آپ کی زیادہ سے زیادہ آمدن
1	$37,650
2	$51,100
3	$64,550
4	$78,000

میں اندراج کیسے کرواؤں؟

ذیل پر آن لائن
nystateofhealth.ny.gov

ذیل پر بذریعہ فون
1-855-355-5777
TTY: 1-800-662-1220

آپ کے گھر یا جائے ملازمت کے نزدیک سند یافتہ معاون کی مفت مدد۔ یہ روبرو یا بذریعہ فون کیا جا سکتا ہے۔

کب اندراج کروایا جا سکتا ہے؟

Essential Plan میں اندراج تمام سال کھلا رہتا ہے۔

کیا آپ میری زبان میں میری مدد کر سکتے ہیں؟

جی ہاں۔ بذریعہ فون اور آمنے سامنے آپ کی زبان میں مدد دستیاب ہے۔

مزید >

nystateofhealth™
The Official Health Plan Marketplace

4 اس پر کیا لاگت آئے گی؟

ماہانہ پریمیم $0 (مفت) ہے۔ خدمات اور نسخے کی ادویات کے لئے کم قیمت کا اشتراک موجود ہے۔

5 اس میں اور کس طریقے سے میری بچت ہوتی ہے؟

اس میں کوئی قابل کٹوتی رقم نہیں ہے۔ پلان آپ کی نگہداشت صحت کے لئے فوری ادائیگی کرتا ہے۔

دانتوں یا نظر کی خدمات کے لئے کوئی قیمت کا اشتراک نہیں ہے۔

آپ کو ڈاکٹر سے معمول کی ملاقاتوں اور معائنوں جیسی انسدادی نگہداشت مفت دی جاتی ہے۔ انسدادی نگہداشت آپ کو صحت مند رکھ سکتی ہے۔

6 Essential Plan کس چیز کا احاطہ کرتا ہے؟

دیگر پلانز جیسی خدمات کا ہی۔ اس میں درج ذیل وظائف اور دیگر شامل ہیں:

- مفت انسدادی نگہداشت
- اندرونی و بیرونی مریضوں کی نگہداشت
- ماں اور نوزائیدہ بچے کی نگہداشت
- ایمرجنسی خدمات
- لیب، ایکس رے اور نسخے کی ادویات
- بحالی اور حصولی کی خدمات
- ذہنی صحت اور مواد کے استعمال کے ڈس آرڈر کی خدمات
- دانتوں اور نظر کی خدمات

آپ کی ہمیں دی گئی معلومات کو شیئر نہیں کیا جائے گا

آپ NY State of Health اور اس کے اندراج کے معاونین کو جو کچھ بتاتے ہیں، وہ نجی رہتا ہے۔ آپ کی اپنی ترک وطن کی حیثیت کے بارے میں ہمیں دی گئی معلومات کو صرف یہ دیکھنے کے لئے استعمال کیا جائے گا کہ آپ ہیلتھ انشورنس کے اہل ہیں یا نہیں۔ اسے کسی اور مقصد سے استعمال نہیں کیا جائے گا۔

میں اندراج کیسے کرواؤں؟

ذیل پر آن لائن
nystateofhealth.ny.gov

ذیل پر بذریعہ فون
1-855-355-5777
TTY: 1-800-662-1220

آپ کے گھر یا جائے ملازمت کے نزدیک سند یافتہ معاون کی مفت مدد۔ یہ روبرو یا بذریعہ فون کیا جا سکتا ہے۔

NY State of Health قابل اطلاق وفاقی شہری حقوق کے قوانین اور ریاستی قوانین کی پیروی کرتا ہے اور نسل، رنگ، آبائی ملک، عقیدے/مذہب، جنس، عمر، ازدواجی/فیملی کی حیثیت، گرفتاری کے ریکارڈ، جرم کے باعث سزایابی، صنفی شناخت، جنسی رجحان، جینیاتی خصوصیات کے میلان، فوج میں شرکت، گھریلو تشدد کا شکار ہونے اور/یا بدلے کی بنیاد پر امتیازی سلوک نہیں کرتا۔

Si usted habla un idioma diferente al inglés, los servicios de asistencia de idioma están disponibles gratis para usted. Llame al 1-855-355-5777 (TTY: 1-800-662-1220).

如果您使用的語言不是英語，您可以使用我們的免費語言支援服務。請致電 1-855-355-5777（TTY: 1-800-662-1220）。